# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 05 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۵/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج واشم اور تھانے دورہ پر؛ مختلف منصوبوں کا افتتاح وسنگِ بنیاد۔

☆ ریاست میں غیر زرعی ٹیکس مکمل طور پر معاف؛ سنت بھگوان گناّ توڑ مزدور حادثہ بیمہ اسکیم نافذ کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ریلوے کی نجی کاری کرنے کے تمام دعوے بے بنیاد؛ وزیرِ ریل اَشونی وَیشنو کی یقین دہانی۔

☆ ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے 75 فیصد کرنے کا شرد پوار کا مطالبہ۔

☆ احمد نگر کے اہلیہ نگر تبدیلی نام کو مرکز کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے نوراتر میں جنسی تشخیص قانون کی عوامی بیداری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے دورہ پر آرہے ہیں۔ اس دورے میں واشم میں 23 ہزار 300 روپئوں کے زرعی اور مویشی پالن شعبے کے مختلف اسکیموں کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر وزیرِ اعظم کسان سمّان امداد کی اٹھارہویں قسط جاری کی جائیگی۔ وزیرِ اعظم زرعی بنیادی سہولیات امداد کے تحت تقریباً ایک ہزار 920 کروڑ روپئوں کے منصوبے قوم کے نام وقف کریں گے۔ بنجارہ سماج کی ترقی یافتہ ورثہ کی علامت بنجارہ وراثت میوزیم کا افتتاح بھی وزیرِ اعظم کریں گے۔

اس کے بعد تھانے میں 32 ہزار 800 کروڑ روپئوں کے مختلف شہری ترقی منصوبوں کا افتتاح اور سنگِ بنیاد وزیرِ اعظم کے ہاتھوں ہوگا۔ ان میں ممبئی میٹرو کے آرے تا باندرہ کُرلا کمپلیکس مرحلے کا افتتاح' تھانے انٹگرل رِنگ میٹرو ریلوے منصوبہ کا سنگِ بنیاد اور نئی ممبئی ہوائی اڈے کے علاقے کے نینا منصوبہ کا سنگِ بنیاد بھی وزیرِ اعظم کے ہاتھوں ہوگا۔

وزیرِ اعظم مودی آج ناندیڑ کے راستہ بنجارہ سماج کے پوہرادیوی کے ننگارا میوزیم کی نقاب کشائی اور جلسۂ عام کیلئے جائیں گے۔ وہ ناندیڑ کے شری گرو گووند سنگھ جی ہوائی اڈہ پر صبح دس بجے پہنچ کر پوہرادیوی کی جانب روانہ ہوں گے اور دوپہر دو بجے کے قریب ناندیڑ ہوائی اڈے سے ممبئی روانہ ہوں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں غیر زرعی ٹیکس مکمل طور پر معاف کیا گیا ہے۔ کل ہوئے ریاستی کابینہ کے اجلاس میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ گاؤٹھان کے باہر رہائشی گھروں کی تعداد بڑھنے سے اور شہری علاقوں میں ہمہ منزلہ عمارت بڑھنے پر ایسی عمارتوں کے نیچے زمین کا مکمل غیر زرعی ٹیکس ردّ کرنے کا فیصلہ لیا گیا۔ کمرشیل وصنعتی مقصد کے تحت استعمال ہونے والی زمین کا غیر زرعی ٹیکس بھی معاف کیے جانے کی اطلاع ملی ہے۔

ریاست میں قدیم اور تاریخی چیزوں کو نقصان پہنچانے پر دو سال کی قید اور ایک لاکھ روپئے جرمانہ کی تجویز کا کل کابینہ کی میٹنگ میں فیصلہ لیا گیا۔

ریاست میں تمام گنا توڑ، ٹرانسپورٹ ورکر اور مقادموں کو جھونپڑی اور بیل جوڑی کیلئے بیمہ فراہم کرنے کیلئے سنت بھگوان بابا گنا توڑ مزدور حادثہ بیمہ اسکیم کا فیصلہ کابینہ کی میٹنگ میں لیا گیا۔شکر کارخانوں کی جانب سے گنا کشید پر ہر سال فی میٹرک ٹن دس روپئے ملنے والی امداد سے اس بیمہ کیلئے خرچ کیا جائیگا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کی پورنا ندی پر دس سلسلہ وار باندھ کے کاموں کو ریاستی کابینہ نے منظوری دی۔اس کی وجہ سے سلوڑ تعلقہ کے بارہ گاؤں کے تقریباً ڈیڑھ ہزار ہیکٹر علاقہ کو سینچائی کا فائدہ ملے گا۔اس کیلئے ہونے والے 534 کروڑ 12 لاکھ روپئے خرچ کو بھی کابینہ کی منظوری دی گئی۔

ریاست میں گال سے پاک ڈیم اور گال سے پاک علاقہ اسکیم پر مستقل عمل آوری کا فیصلہ بھی لیا گیا۔

سبز مربوط ڈیٹا سینٹر پارک قائم کرنے کے فیصلے کو بھی منظوری دی گئی۔

جین، باری، تیلی، ہندو کھاٹک، لوناری، سماجوں کی معاشی ترقی کیلئے بورڈس کے قیام، کھلاڑی اور اس کے ٹریز کی انعامی رقم میں اضافہ، ریاست میں طبّی شعبہ میں بہتری کے مراکز قائم کرنا، مہاراشٹر طبّی سائنس یونیورسٹی میں غیر تدریسی افسران اور ملازمین کو جدید سروس کی اسکیم نافذ کرنے جیسے فیصلے بھی کابینی میٹنگ میں لیے گئے۔

***** ***** *****

ریلوے کے وزیر اشونی وَیشنو نے کہا ہے کہ ریلوے کی نجی کاری کیے جانے کے تمام دعوے بے بنیاد ہیں۔ وہ کل ناسک میں مرکزی ریلوے حفاظتی دستے کے چالیسیویں یومِ تاسیس پروگرام سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت نے گذشتہ دس سالوں میں ریلوے کی معاشی، ریسرچ، حفاظتی اور افرادی قوت کے ذریعہ سرمایہ کاری کی ہے۔

***** ***** *****

ودھان سبھا کے نائب اسپیکر نرہری جھروڑ سمیت دو ارکانِ اسمبلی کل درجِ فہرست ذات کے ریزرویشن کو دھکا نہ لگنے کے مطالبے کے چلتے کل منترالیہ کی حفاظتی جالی پر کود گئے۔جس کی وجہ سے منترالیہ کے احاطے میں کچھ وقت تک ماحول کشیدہ ہوگیا تھا۔ پولس نے ان تمام عوامی نمائندوں کو بحفاظت باہر نکالا، اس کے بعد اپنے مطالبات کیلئے جھروڑ سمیت تمام نے احتجاج کیا۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ کے صدر شرد پوار نے کل مرکزی حکومت سے ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے 75 فیصد کرنے کیا مطالبہ کیا ہے۔وہ کل سانگلی میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ اس کیلئے اگر حکومت بل لاتی ہے تو ہم اسے حمایت دیں گے۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن کیلئے احتجاج کرنے والے منوج جرانگے نے مہایوتی اور مہاوِکاس آگھاڑی سے مل کر ضابطۂ اخلاق نافذ ہونے سے پہلے مراٹھا برادری کو OBC سے ریزرویشن دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ کل جالنہ ضلع کے آنتر والی سراٹی میں نامہ نگاروں سے مخاطب تھے۔انھوں نے کہا کہ دسہرہ کو بیڑ ضلع کے نارائن گڑھ میں سماجی میلہ منعقد کیا جائیگا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن ذیلی کمیٹی کے رُکن سبھاش جاوڑے نے مراٹھا ریزرویشن سے متعلق مختلف مطالبات کیلئے کی جارہی ہڑتال کو کل ختم کردیا۔اعلیٰ و تکنیکی تعلیم کے وزیر چندرکانت پاٹل اور پروین دریکر نے کل جاوڑے سے ملاقات کرکے ان کے مطالبات سں متعلق اجلاس منعقد کرنے کا تیقن دیا۔ پاٹل نے کہا کہ آئندہ منگل کو ممبئی میں یہ اجلاس منعقد کیا جائیگا۔

***** ***** *****

سابق وزیر و بی جے پی لیڈر ہرش وردھن پاٹل نے راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار گروپ میں شمولیت کا فیصلہ کیا ہے۔کل اِنداپور میں صحافتی کانفرنس میں انھوں نے یہ اعلان کیا۔

***** ***** *****

تروپتی ترو ملا کے وینکٹیشور سوامی مندر میں پرساد کے لڈو میں مبینہ ملاوٹ معاملے میں ایک خصوصی جانچ دستہ قائم کرنے کے احکامات سپریم کورٹ نے دیئے ہیں۔اس معاملے میں ہوئی سماعت میں سپریم کورٹ نے کہا کہ ایک دوسرے پر الزام تراشی کی بنیاد پر کسی بھی جانچ کا اندراج نہیں کیا ہے اور کورٹ کے فیصلے کو سیاسی رنگ نہ دیا جائے۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلعے کا اہلیہ نگر نام تبدیل کرنے کی تجویز کو مرکزی حکومت نے منظور کیا ہے۔وزیرِ محصول رادھا کرشن وِکھے پاٹل نے کل بذریعہ ٹویٹ یہ اطلاع فراہم کی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے نوراتر فیسٹیول کے دوران قبل از زچگی جنسی تشخیص کی روک تھام کے قانون کے نفاذ کیلئے عوامی بیداری پھیلائی جارہی ہے۔شہر کے کرن پورہ علاقہ میں جاری یاترا میں بیٹی بچاؤ بیٹی پڑھاؤ آڈیو پیغام سنائی دے رہا ہے۔
قبل از زچگی یا جنین کے قتل سے متعلق معلومات دینے کیلئے ٹول فری نمبر ویب سائٹ کے بینر اور ’’ماجھی ملگی‘‘ نظم پیش کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

چھتیس گڑھ ضلع کے نارائن پور میں کل حفاظتی دستے سے ہوئی مڈبھیڑ میں تقریباً 28 نکسلی ہلاک ہوئے ہیں۔ پولس نے نکسل مخالف دستہ کی تلاش مہم جاری تھی،اسی دوران یہ مڈبھیڑ ہوئی۔ جائے وقوعہ سے بڑے پیانے پر اسلحہ ضبط کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ تیرتھ درشن اسکیم کے تحت ناندیڑ سے سینئر شہریوں کو لے جانے والی پہلی ٹرین آئندہ 12 اکتوبر کو نکلے گی۔ان مسافروں کی فہرست سماجی بہبود دفتر کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع میں اسکولوں میں بنیادی سہولیات میں اضافہ کیلئے سرکاری سطح پر تمام تر اقدامات کا تیقن رُکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے دیا ہے۔ وہ کل ناندیڑ میں ضلع پریشد کے اساتذہ کے تقسیمِ انعامات پروگرام سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

رابطہ وزیر تاناجی ساونت نے احکامات دیئے ہی کہ دھاراشیو ضلع میں زیادہ بارش سے ہوئے نقصانات سے متاثرہ ایک بھی کسان امداد سے محروم نہ رہے،اس کا خیال رکھیں۔ وہ کل دھاراشیو میں جائزاتی اجلاس سے مخاطب تھے۔

***** ***** *****

متحدہ عرب امارات کے شارجہ میں جاری خواتین کے عالمی ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹورنامنٹ مقابلے می کل نیوزی لینڈ نے بھار کو 58 رنوں سے شکست دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے نیوزی لینڈ نے بھارت کو 161 رنوں کا ہدف دیا۔لیکن بھارتی ٹیم 19 ویں اوور میں 102 رنوں پر ہی آل آؤٹ ہوگئی۔ ٹورنامنٹ کے دیگر مقابلے میں جنوبی افریقہ نے ویسٹ انڈیز کو دس وکٹ سے کراری شکست دی۔

آج اے گروپ کے آسٹریلیاء اور سری لنکا جبکہ بی گروپ کے انگلینڈ اور بنگلہ دیش کے مقابلے ہوں گے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج واشم اور تھانے دورہ پر؛مختلف منصوبوں کا افتتاح وسنگِ بنیاد۔

☆ ریاست میں غیر زرعی ٹیکس مکمل طور پر معاف؛ سنت بھگوان گنّا توڑ مزدور حادثہ بیمہ اسکیم نافذ کرنے کا ریاستی کابینہ کا فیصلہ۔

☆ ریلوے کی نجی کاری کرنے کے تمام دعوے بے بنیاد؛ وزیرِ ریل اَشونی وَیشنو کی یقین دہانی۔

☆ ریزرویشن کی حد 50 فیصد سے 75 فیصد کرنے کا شرد پوار کا مطالبہ۔

☆ احمد نگر کے اہلیہ نگر تبدیلی نام کو مرکز کی منظوری۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے نوراتر میں جنسی تشخیص قانون کی عوامی بیداری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****